This Question Paper consists of **27** questions [Section-**A (17)** + Section-**B (5+5)**] and **6** printed pages.

اس سوال نامہ میں کل 27 سوالات [حصہ (الف) میں (17) + حصہ (ب) میں (5+5)] اور 6 چھپے اوراق ہیں۔

**Roll No.** | | | | | | | | | | | | |

رول نمبر

**Code No.** کوڈ نمبر **64/SS/O/U**

**SET A**

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Day and Date of Examination :**

امتحان کا دن اور تاریخ ______________________________

**Signature of Invigilators :**

نگران کار کے دستخط

1. ______________________________

2. ______________________________

**General Instructions :**

1. Candidate must write his/her Roll Number on the first page of the Question Paper.
2. Please check the Question Paper to verify that the total pages and total number of questions contained in the Question Paper are the same as those printed on the top of the first page. Also check to see that the questions are in sequential order.
3. Making any identification mark in the Answer-Book or writing Roll Number anywhere other than the specified places will lead to disqualification of the candidate.
4. Write your Question Paper code No. **64/SS/O/U-A** on the Answer-Book.

**ہدایات :**

.1 طالب علم کو سوال نامے کے پہلے صفحہ پر اپنا رول نمبر لکھنا ضروری ہے۔

.2 مہربانی کر کے اپنے سوالنامے کو جانچ لیجئے کہ تمام صفحات اور سوالات کی اتنی ہی تعداد ہے جتنی پہلے صفحہ کے سب سے اوپر چھپی ہے۔ اس بات کی بھی جانچ کر لیجئے کہ سوالات سیریز میں ہیں۔

.3 طالب علم جواب کی کاپی میں اپنے رول نمبر کے علاوہ اگر کوئی پہچان کا نشان یا کوئی ہدایت لکھتا ہے تو اسے امتحان سے خارج کر دیا جائے گا۔

.4 اپنے جواب کی کاپی پر سوالنامے کا کوڈ نمبر **64/SS/O/U-A** لکھیے۔

# URDU

# اُردو

# (306-U)

**Time : 3 Hours ]** **[ Maximum Marks : 100**

**[ وقت : 3 گھنٹے** **کل مارکس : 100 ]**

**Note :** (i) This Question Paper consists of **two** Sections, viz., **'A'** and **'B'**.

(ii) **All** questions from Section **'A'** are to be attempted.

(iii) Section **'B'** has two options. Candidates are required to attempt questions from one option only.

**نوٹ :**

(i) یہ پرچہ دو حصّوں پر مشتمل ہے – حصّہ (الف) اور حصّہ (ب)۔

(ii) حصّہ (الف) کے تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) حصّہ (ب) میں دو اختیاری (Options) سوالات ہیں۔ آپ کو ان میں سے کسی ایک Option کا جواب دینا ہے۔

---

## حصہ الف

**.1** (a) مندرجہ ذیل پیراگراف میں سے پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ **6**

دیکھ وہ بڈھا آنکھوں سے اندھا اپنے گھر میں بیٹھا روتا ہے۔ اس کا پیارا بیٹا بھیڑوں کے ریوڑ میں سے غائب ہو گیا ہے۔ وہ اسکو ڈھونڈتا ہے۔ پر وہ نہیں ملتا، مایوس ہے۔ پر امید نہیں ٹوٹی۔ لہو بھرا دانتوں پھٹا کرتا دیکھتا ہے۔ پھر بھی ملنے سے ناامید نہیں۔ فاقوں سے خشک، غم سے زار نزار ہے۔ روتے روتے آنکھیں سفید ہوگئی ہیں۔ کوئی خوشی اس کے ساتھ نہیں ہے۔ مگر صرف ایک امید ہے۔ جس نے اس کو وصل کی امید میں زندہ، اور اس خیال میں خوش رکھا ہے۔

دیکھ وہ بے گناہ قیدی اندھیرے کے کنویں میں سات تہہ خانوں میں بند ہے۔ اس کا سورج کا سا چمکنے والا چہرہ زرد ہے۔ بے یار و دیار باغی قوم و مذہب کے لوگوں کے ہاتھ میں قید ہے۔ بڈھے باپ کا غم اس کی روح کو صدمہ پہنچاتا ہے۔ عزیز بھائی جدائی اس کے دل کو غمگین رکھتی ہے۔ قید خانے کی مصیبت، اس کی تنہائی، اس کے گھر کا اندھیرا اور اس پر اپنی بے گناہی کا خیال اس کو نہایت رنجیدہ رکھتا ہے۔ اس وقت کوئی اس کا ساتھی نہیں۔ مگر اے ہمیشہ زندہ رہنے والی امید! تجھی میں اس کی خوشی ہے۔

سوالات :

(i) وہ بڑھا، آنکھوں سے اندھا'' بے گناہ قیدی''، تلمیح ہیں۔ اس میں مصنف نے بڑھا اور بے گناہ قیدی کس کو کہا ہے ؟

(ii) سب سے زیادہ خوش کرنے والی چیز سے مصنف کی کیا مراد ہے ؟

(iii) اس پیراگراف کے اصل مقصد کو دو لائنوں میں لکھیے۔

(iv) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اس کے مصنف کا نام لکھیے۔

یا

(b) ایک چڑے چڑیا نے نئی روشنی کی ایک اونچی کوٹھی میں اپنا گھونسلا بنایا تھا۔ اس کوٹھی میں ایک مسلمان رہتے تھے، جو ولایت سے بیرسٹری پاس کر کے اور ایک میم کو ساتھ لے کر آئے تھے۔ ان کی بیرسٹری کچھ چلتی نہ تھی۔ مگر گھر کے زمیندار تھے۔ گزارہ خوبی سے ہو جایا کرتا تھا۔ ولایت سے آنے کے بعد خدا نے ان کو ایک لڑکی بھی عنایت کی تھی جو ماشااللہ چلتی پھرتی تھی۔ اور باپ کی طرف سے مسلمان اور ماں کی طرف سے مس بابا تھی۔ چڑے چڑیا نے کھپریل کے اندر ایک سوراخ بنایا۔ تنکوں اور سوت کا فرش بچھایا۔ یہ سوت پڑوس کے گھر سے چڑیا لاتی تھی۔

سوالات :

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اس کا مصنف کون ہے ؟

(ii) چڑے اور چڑیا نے اپنا گھونسلہ کہاں بنایا ؟

(iii) اس کوٹھی میں کون رہتا تھا ؟

(iv) خدا نے اس کو کیا عنایت کیا ؟

**2.** درجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ **5**

(a) کہانی ''پوس کی رات'' کے مصنف کا نام لکھیے۔

(b) برج بانو لفظ کس کے لیے استعمال کیا گیا ہے ؟

(c) کبریٰ کے لئے شادی کے پیغام کیوں نہیں آتے تھے ؟

(d) امتیاز علی تاج ایک بہترین افسانہ نگار ہیں، مزاح نگار ہیں یا تنقید نگار ہیں ؟

3. درجہ ذیل میں سے کسی ایک کی مکمل تعریف لکھیے اور دو مصنفین کے نام لکھیے : 4

افسانہ ۔ ناول ۔ ڈرامہ

4. سر سید احمد خان ۔ پریم چند یا کنہیا لال کپور کے حالات زندگی اور ان کی ادبی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔ 4

5. ''امید کی خوشی'' یا ''مس چڑیا کی کہانی'' میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 4

6. سبق ''چوتھی کا جوڑا'' میں سب سے زیادہ آپ کو کون سا کردار پسند ہے، اس پر روشنی ڈالیے اور وجہ بتائیے۔ 6

7. ''افسانوی اور غیر افسانوی ادب کا ارتقاء'' میں اردو نثر کی ابتداء پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ 4

8. کسی ایک موضوع پر تین صفحات کا مضمون لکھیے : 10

(a) جدید ٹیکنالوجی کے فائدے

(b) کتابوں کے مطالعہ کے فائدے اور اہمیت

(c) کھیل اور تعلیم

(d) تاریخی اہمیت کا حامل شہر لکھنؤ

9. مندرجہ ذیل اقتباس کے دو حصے ہیں۔ دونوں حصوں میں سے ایک حصہ کی تشریح تفصیل سے کریے۔ 6

''الف''

(a) یہ موجودہ طریقے راہی ملکِ عدم ہوں گے
نئی تہذیب ہوگی اور نئے سامان بہم ہوں گے

یا

(b) کہو کہ آج بھی ہم سب اگر خاموش رہے
تو اس دمکتے خاک دان کی خیر نہیں
جنوں کی ڈھال ہوئی ایٹمی بلاؤں سے
زمین کی خیر نہیں، آسمان کی خیر نہیں

''ب''

(a) محبت ہے خاکِ وطن سے ہمیں
محبت ہے اپنے چمن سے ہمیں
ہمیں اپنے صبحوں سے شاموں سے پیار
ہمیں اپنے شہروں کے ناموں سے پیار

یا

(b) یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصالِ یار ہوتا
اگر اور جیتے رہتے، یہی انتظار ہوتا

**10.** درج ذیل سوالات کے مختصر جواب دیجیے : **6**

(a) حسنِ تعلیل کسے کہتے ہیں ؟

(b) صفتِ تضاد کی تعریف بیان کریں اور مثال بھی دیجیے۔

(c) غزل مسلسل کی تعریف معہ مثال لکھیں۔

**11.** نظم ''چاند تاروں کا بن'' یا ''خاکِ وطن'' کے شاعروں کے نام لکھیے اور کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تفصیل سے لکھیے۔ **6**

**12.** میر تقی میرؔ شہنشاہِ تغزل ہیں۔ وضاحت کیجیے۔ **4**

**13.** نظم کا ارتقاء اور اس کی ادبی اہمیت پر نوٹس لکھیے۔ **4**

**14.** کوئی دو غزل گو شعراء کے نام لکھیے۔ اور ان کے کلام کے دو۔دو اشعار لکھیے۔ **4**

**15.** مرثیے کی اجزائے ترکیب لکھیے اور اس کی تعریف بھی لکھیے۔ **4**

**16.** اکبرالہ آبادی کے حالاتِ زندگی اور کلام کی خصوصیات پر روشنی ڈالیے۔ **4**

**17.** ترکیبِ الفاظ کسے کہتے ہیں ؟ مثالیں دے کر سمجھایئے۔ **4**

## اختیاری ۔ حصہ ''الف''

18. دفتری نوٹ کسے کہتے ہیں ؟ اور اس کا مقصد کیا ہوتا ہے ؟ 4

19. اپنے اسکول کے سالانہ جلسے پر ایک رپورٹ تیار کیجیے۔ 4

20. ایم۔ایس۔ورڈ (M.S. Word) کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔ 2

21. مقصد کے اعتبار سے انٹرویو کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں ؟ 2

22. فیچر کی تین خصوصیات بتائیے۔ 3

## اختیاری ۔ حصہ ''ب''

18. دفتری نوٹ عام طور پر کون لکھتا ہے ؟ اور فائل ایک آفیسر کے پاس سے دوسرے آفیسر کے پاس کیوں جاتی ہے ؟ 4

19. اپنے گھر کے آس پاس کی کسی تقریب کے بارے میں رپورٹ تیار کیجیے۔ 4

20. اداریہ کون لکھتا ہے ؟ اس میں مدیر کے علاوہ اور کس کی رائے شامل ہوتی ہے ؟ 2

21. اخبار یہ رسالے کے لئے سرخیوں کی کیا اہمیت ہے ؟ 2

22. اردو پروگرام کے بارے میں تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 3

- o O o -